سوال

صدقہ کا پسہ مسجد کے بجلی گیس بل مں استعمال کرسکتے ہے

جواب

عمومی صدقات میں سے مسجد پر خرچ کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا عام صدقہ (جیسے بیرون ملک میں غریب نہ ملے تو وہ پسہ) مسجد پر خرچ کرسکتے ہیں، اور مسجد کے گیس و بجلی بل وغیرہ ادا کرسکتے ہیں۔ ؟ اگر بچہ بیمار ہو جائے تو لوگ کہتے ہیں کہ صدقہ کرو، اسکا کیا مطلب ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زکوۃ کے علاوہ تمام صدقات کو مسجد پر خرچ کیا جا سکتا ہے بچے کی بیماری پر صدقے کی حقیقت یہ ہے کہ صدقہ مصیبتوں کو دور کرتا ہے، لہذا اگر بچے کی بیماری وغیرہ جیسی کوئی مصیبت آن پڑی ہے تو آپ صدقہ کریں، جس کی برکت سے اللہ تعالی آسانیاں پیدا فرماتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ((داووا مرضاکم بالصدقۃ)) [بیہقی 3/382] (''اپنی بیماریوں کا علاج صدقہ کے ذریعہ کرو۔'' ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث